# آزاد جموں وکشمیر انٹرمیڈیٹ وثانوی تعلیمی بورڈ میرپور

ماڈل پیپر اُردو (لازمی) انٹرمیڈیٹ، پارٹ دوم (بارھویں) برائے امتحان سالانہ 2024ء ومابعد

حصہ اوّل (کل نمبر : 20 ، وقت : 25 منٹ)

نوٹ : سوال نمبر ایک میں، شامل نصاب قواعد (مرکب مصادر کا بطور معاون/ امدادی فعل استعمال، متعلق فعل)، اشعار میں صنائع بدائع کی پہچان، صنعتیں (تفریق، تلمیح، تجنیس، سیاقۃ الاعداد، ایہام، مراعاۃ النظیر) اصنافِ نظم (غزل، نظم، پابند نظم، آزاد نظم) اصناف نثر (افسانہ، مضمون، انشائیہ) ہیئت (سانیٹ، ترجیع بند، مخمس، مسدس) مرکب جملوں کا درست استعمال، استدراکی، سببی جملوں اور رموز اوقاف سے متعلق سوال پوچھے جاسکتے ہیں۔

حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات اسی صفحے پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر 1: ہر جزو کے سامنے دیے گئے درست جواب کی نشان دہی کریں۔ (20X1=20)

1۔ ''پیاسی جو تھی سپاہ خدا تین رات کی ساحل سے سر پٹکتی تھیں موجیں فرات کی'' اس شعر میں صنعت کا استعمال کیا گیا ہے :

(A تفریق (B ایہام (C حسن تعلیل (D تلمیح

2۔ ''احمد نے بازار سے کھلونا خریدا۔'' میں ''بازار'' ہے:

(A معاون فعل (B مفعول (C متعلق فعل (D فعل ناقص

3۔ زندگی، کردار یا واقعہ کے کسی ایک پہلو کو پیش کرتا ہے :

(A انشائیہ (B مضمون (C ناول (D افسانہ

4۔ وزن اور بحر کے ساتھ قافیہ اور بسا اوقات ردیف کی پابندی لازمی ہے:

(A غزل میں (B معریٰ نظم میں (C آزاد نظم میں (D نثری نظم میں

5۔ ''بے خطر کود پڑا آتش نمرود میں عشق عقل ہے محوِ تماشائے لبِ بام ابھی'' میں صنعت کا استعمال ہے:

(A تجنیس (B تلمیح (C لف ونشر (D سیاقۃ الاعداد

6۔ ''اکرم اچانک چلا گیا۔'' میں متعلق فعل ہے:

(A اکرم (B چلا (C اچانک (D گیا

7۔ ''وہ کالج سے چلا گیا'' میں معاون فعل ہے:

(A گیا (B کالج (C وہ (D چلا

8۔ جملہ معترضہ سے پہلے اور آخر میں علامت لگاتے ہیں:

(A واوین (B سکتہ (C ختمہ (D خط

9۔ ''چونکہ اس نے محنت کی اس لیے کامیاب ہوگیا۔'' قواعد کی رو سے یہ جملہ ہے:

(A سببی جملہ (B استدراکی جملہ (C سادہ جملہ (D تمیزی جملہ

10۔ ''میں نے اردو کا سبق پڑھ لیا۔'' میں معاون فعل ہے:

(A اردو (B پڑھ (C لیا (D میں

11۔ ہر بند کا آخری مصرع یا شعر بار بار وہی ہوتا ہے، جو پہلے بند کا ہوتا ہے:

(A ترجیع بند میں (B ترکیب بند میں (C مثنوی میں (D قصیدے میں

12۔ جو کرے گا۔۔۔ سو بھرے گا۔ میں رموزِ اوقاف کی علامت آئے گی:

(A : (B ؛ (C ، (D !

13۔ مغربی شعری صنف ہے:

(A مرثیہ (B آزاد نظم (C منقبت (D غزل

14۔ رموزِ اوقاف میں مکمل ٹھہراؤ کی علامت ہے:

(A ۔ (B ؟ (C ، (D !

15۔ ''وہ وعدے تو بہت کرتا ہے مگر کام نہیں آتا۔'' قواعد کی رو سے جملہ ہے:

(A تمیزی (B وصفی (C اسمی (D استدراکی

16۔ جو لفظ یا الفاظ فعل کی وضاحت کرتے ہیں کہلاتے ہیں:

(A مصدر (B فاعل (C متعلق فعل (D امدادی فعل

17۔ ''اکرم زمین پر لیٹا ہوا تھا۔'' میں معاون فعل ہے:

(A تھا (B اکرم (C ہوا (D لیٹا

18۔ ''آپ نہ آتے تو میں ضرور وہاں ۔۔۔۔'' اس جملے میں فعل آئے گا:

(A پہنچتے (B پہنچتی (C پہنچتا (D پہنچتیں

19۔ ''میر پور۔۔۔بھمبر۔۔۔کوٹلی اور راولاکوٹ میں بارش کا امکان ہے۔'' اس جملے میں علامت آئے گی:

(A وقفہ (B سکتہ (C واوین (D قوسین

20۔ ''میں تمہیں معاف کر رہا ہوں مگر آئندہ غلطی نہ ۔۔۔'' آخر میں مصدر آئے گا:

(A کرے (B کیجیے (C کریں (D کرنا

حصہ انشائی کل وقت : 2 گھنٹے 35 منٹ

حصہ دوم (کل نمبر 36)

**نوٹ : حصہ دوم اور سوم میں دیے گئے سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر صاف اور واضح تحریر کیجیے۔**

**نوٹ : سوال نمبر 2 (جزو الف، ب، ج اور د) اقتباس اور اشعار کتاب میں سے ہوں گے۔ قواعد کا سوال بھی شامل نصاب اجزا پر مشتمل ہوگا۔**

**سوال نمبر 2 :(الف) حصہ نثر:**

**عبارت بغور پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے:** (5x3=15)

وہ بہت بڑے وارڈ میں تھا جس میں اس کی طرح اور کئی مریض لوہے کی چارپائیوں پر لیٹے تھے۔ نرسیں اپنے کام میں مشغول تھیں۔ اس کے داہنے ہاتھ نو دس برس کا لڑکا کمبل میں لپٹا ہوا اس کی طرف دیکھ رہا تھا۔ اس کا چہرہ تمتما رہا تھا۔ ''السلام علیکم'' لڑکے نے بڑے پیار سے کہا۔ نئے مریض نے اس کے پیار بھرے لہجے سے متاثر ہو کر جواب دیا۔ ''وعلیکم السلام'' لڑکے نے کمبل میں کروٹ بدلی : بھائی جان! اب آپ کی طبیعت کیسی ہے'' ۔نئے مریض نے اختصار سے کہا : ''اللہ کا شکر ہے''۔ لڑکے کا چہرہ اور زیادہ تمتما اٹھا۔'' آپ بہت جلدی ٹھیک ہو جائیں گے۔ آپ کا نام کیا ہے۔'' میرا نام''! مریض نے مسکرا کر لڑکے کی طرف برادرانہ شفقت سے دیکھا۔'' میرا نام اختر ہے''۔ ''میرا نام منظور ہے'' یہ کہہ کر اس نے یک دم کروٹ بدلی اور اس نرس کو پکارا جو ادھر سے گزر رہی تھی۔'' آپا۔۔۔آپا جان'' نرس رک گئی۔ منظور نے ماتھے پر ہاتھ رکھ کر اسے سلام کیا۔

سوالات:

i۔ کس نے خود کو بہت بڑے وارڈ میں محسوس کیا؟

ii۔ ''لڑکے'' اور'' مریض'' سے مراد کون کون سے کردار ہیں؟

iii۔ نرس کیوں رک گئی تھی؟

iv۔ '' آپ بہت جلدی ٹھیک ہو جائیں گے'' یہ جملہ کس نے کس سے کہا؟ (یا) وارڈ کی لفظی تصویر کشی اپنے الفاظ میں کریں؟

v۔ منظور کی عمر کتنی تھی؟ (یا) ماتھے پر ہاتھ رکھ کر کسے سلام کیا گیا؟

**(ب) حصہ نظم**

**مندرجہ ذیل نظمیہ اشعار کو بغور پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جواب تحریر کیجیے:** (3x3=9)

ہر کوئی مست ذوقِ تن آسانی ہے | تم مسلماں ہو؟ یہ اندازِ مسلمانی ہے؟
حیدری فقر ہے، نے دولتِ عثمانی ہے | تم کو اسلاف سے کیا نسبتِ روحانی ہے
وہ زمانے میں معزز تھے مسلماں ہو کر | اور تم خوار ہوئے تارکِ قرآں ہو کر

سوالات: i۔ "مست ذوقِ تن آسانی" سے کیا مراد ہے؟
ii۔ ماضی کے مسلمانوں کی کن خوبیوں کی طرف اشارہ کیا گیا ہے؟
iii۔ موجودہ دور کے مسلمان کیوں خوار ہو رہے ہیں؟ (یا) "حیدری فقر" کی وضاحت کریں۔

یا

ایک ہنگامہ سا ہے آج جہاں میں برپا | آج بھائی ہے سگے بھائی کے خوں کا پیاسا
آج ڈھونڈے سے نہیں ملتی زمانے میں وفا | آؤ اس جنسِ گراں مایہ کو پھر عام کریں
نوجوانانِ وطن : آؤ کوئی کام کریں

سوالات: i۔ ہنگامہ کہاں برپا ہے؟
ii۔ خوں کا پیاسا کون ہے؟
iii۔ شاعر کس جنس کو عام کرنا چاہتا ہے۔؟ (یا) معاشرتی اصلاح میں شاعر کے نزدیک کون مددگار ہو سکتا ہے؟

(ج) حصہ غزل:

**مندرجہ ذیل غزلیہ اشعار کو بغور پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جواب تحریر کیجیے:** (2x3=6)

دیکھ کر اپنے در و بام لرز جاتا ہوں میں | مرے ہمسائے میں جب بھی کوئی دیوار گرے
مشکل ہیں گر حالات وہاں دل بیچ آئیں جاں بیچ آئیں | دل والو! کوچہ جاناں میں کیا ایسے بھی حالات نہیں
تیرا پیمانِ وفا راہ کی دیوار بنا | ورنہ سوچا تھا کہ جب چاہوں گا مر جاؤں گا

سوالات: i۔ دیوار گرنے کا کیا اثر ہوا ہے؟
ii۔ کوچہ جاناں کے حالات کیسے ہیں؟ (یا) موت کی راہ میں کون سی چیز رکاوٹ ہے؟

(د) حصہ قواعد: (6x1=6)

(ا) درج ذیل جملوں میں مناسب مقامات پر رموز اوقاف لگائیں:
1۔ الہیٰ ہماری مدد فرما
2۔ بنا گلاب تو کانٹے چبھا گیا اک شخص اس مصرعے میں شاعر کیا کہنا چاہتا ہے
3۔ اس مضمون کے اہم نکات یہ ہیں

(ب) درج ذیل اشعار میں استعمال ہونے والی صنعتیں تلاش کریں۔
1۔ گر بازی عشق کی بازی ہے جو چاہو لگا دو ڈر کیسا | گر جیت گئے تو کیا کہنا ہارے بھی تو بازی مات نہیں
2۔ تیرا در چھوڑ کے میں اور کدھر جاؤں گا | گھر میں گھِر جاؤں گا صحرا میں بکھر جاؤں گا
3۔ نہ پوچھ ان خرقہ پوشوں کی ارادت ہو تو دیکھ ان کو | یدِ بیضا لیے بیٹھے ہیں اپنی آستینوں میں

(یا)

شعر میں صنعت مراعاۃ النظیر کی نشاندہی کریں
بکنے والوں میں جہاں ایک سے ایک آگے ہو | ایسے میلے میں خریدار کو کیا بولنا ہے

## حصہ سوم (کل نمبر 44)

**اس حصے میں زبان شناسی، امتحان اور تنقیدی مہارت اور ذیلی مہارتوں کے حاصلاتِ تعلّم کا احاطہ کرنے والے سوالات پوچھے جائیں گے۔**

**سوال نمبر 3:** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک اقتباس کی تشریح کیجیے: (6)

الف۔ انقلاباتِ حکومت جو کثرت سے ممالک اسلامی میں ہوا کیے۔ ان مقاصد کے لیے اکثر مفید ثابت ہوئے۔ ایک خاندان کلیتاً برباد ہو جاتا تھا مگر اس کے علمی آثار اکثر

محفوظ رہتے تھے جو مواضع اور علاقے مدرسوں پر پہلے وقف ہو چکے تھے، دوسری نئی حکومت ان کو غصب نہیں کر سکتی تھی۔ ہلاکو خاں نے نہ صرف بغداد کو غارت کیا بلکہ تمام ممالک اسلامی کو برسوں تک بے چراغ کر دیا۔ تاہم اوقاف میں کچھ تصرف نہ کر سکا۔ اس نے بغداد وغیرہ کے تمام اوقاف محقق طوسی کے ہاتھ میں دیے جس کا بہت بڑا حصہ محقق موصوف نے رصد خانے کی تعمیر میں صرف کیا۔

ب۔ محلہ والے کچھ اس قدر خوفزدہ ہو گئے تھے کہ سر شام ہی ہر طرف ہو کا عالم طاری ہو جاتا اور اس ہولناک سناٹے میں عبداللہ اطمینان سے کسی گلی کے نکڑ پر دیوار سے لگا ہوا موجود ہوتا۔ اس کا چہرہ اور بھی خوفناک ہو گیا تھا۔ آنکھوں کی وحشت بڑھ گئی تھی اور آواز میں دم توڑتے ہوئے انسان کا سا کرب پیدا ہو گیا تھا۔ وہ دن بھر کوٹھڑی میں پڑا سویا کرتا اور پھر رات گزرتے ہی کمبل میں سارے جسم کو لپیٹ کر بیساکھی کے سہارے گھر سے باہر آجاتا اور رات گئے سنسان گلیوں کے اندھیرے میں شکار کی تلاش میں مارا مارا پھرتا۔

**سوال نمبر 4:** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نظمیہ جزو کی آسان لفظوں میں تشریح کیجیے : **(2+2+2=6)**

الف۔
ہم تو مائل بہ کرم ہیں، کوئی سائل ہی نہیں
راہ دکھلائیں کسے؟ رہرو منزل ہی نہیں
تربیت عام تو ہے، جوہر قابل ہی نہیں
جس سے تعمیر ہو آدم کی یہ وہ گل ہی نہیں
کوئی قابل ہو تو ہم شان کئی دیتے ہیں
ڈھونڈنے والوں کو دنیا بھی نئی دیتے ہیں

(ب)
آقا کا غلاموں سے یہ ہے قرب کا ہنگام!
دل ہوتے ہیں سرشار فنا ہوتے ہیں آلام
چھا جاتی ہے رحمت، تو برس پڑتے ہیں انعام
اس وقت کسی طرح مناسب نہیں آرام
رونے میں جو لذت ہے تو آہوں میں مزا ہے
اے روح! خودی چھوڑ کہ نزدیک خدا ہے

**سوال نمبر 5:** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک غزلیہ جزو کی تشریح کیجیے : **(3+3+3=9)**

الف۔
کبھی اپنا بھی نظارہ کیا ہے تو نے اے مجنوں
کہ لیلیٰ کی طرح تو خود بھی ہے محمل نشینوں میں
مہینے وصل کے گھڑیوں کی صورت اڑتے جاتے ہیں
مگر گھڑیاں جدائی کی گزرتی ہیں مہینوں میں
مجھے روکے گا تو اے ناخدا کیا غرق ہونے سے
کہ جن کو ڈوبنا ہو ڈوب جاتے ہیں سفینوں میں

ب۔
اولیں قرب کی سرشاری میں
کتنے ارماں تھے جواب یاد نہیں
دل میں ہر وقت چبھن رہتی تھی
تھی مجھے کس کی طلب یاد نہیں
وہ ستارا تھی کہ شبنم تھی کہ پھول
ایک صورت تھی عجب یاد نہیں

**سوال نمبر 6:** درج ذیل میں سے کسی ایک کی آپ بیتی لکھیں۔ **(8)**

1۔ ٹوٹی ہوئی کرسی    2۔ گلاب کا پھول

**سوال نمبر 7:** کسی ایک عنوان پر پانچ سو سے چھ سو الفاظ پر مشتمل مضمون تحریر کریں۔ **(15)**

ا۔ میری پسندیدہ شخصیت    ب۔ تعلیم کی ضرورت اور اہمیت    ج۔ نوجوان نسل پر سوشل میڈیا کے اثرات
د۔ قدرتی آفات اور ہماری ذمہ داریاں